Roll No...

Total No. of Questions : **12**]   [*Total No. of Printed Pages* : **8**

APMA-314

M.A. (Previous) Examination, 2023

URDU

Paper–II

(Nazm and Masnavi)

*Time : **3 Hours***]   [*Maximum Marks : **100***

SECTION–A

Note : Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Note : Answer any five questions out of seven (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

7 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Note : Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں تحریر کیجئے۔تمام مختصر سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

(i) ''سحرالبیان'' کے شاعر کا نام تحریر کیجئے۔

(ii) فیضؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(iii) ''گلزارِنسیم'' کی ہیروئن کا نام بتایئے۔

(iv) ہم میں باقی نہیں اب خالدِ جانباز کا رنگ

دل پہ غالبؔ ہے فقط حافظِ شیراز کا رنگ

یہ شعر آپ کے نصاب کی کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(v) عوامی شاعر کسے کہا جاتا ہے؟

(vi) آپ کے نصاب میں شامل جوشؔ کی نظموں کے نام لکھیے۔

(vii) اقبالؔ کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات بتائیے۔

(viii) ''سحرالبیان'' کے ہیرو کا کیا نام ہے؟

(ix) ''او دیس سے آنے والے بتا'' کے شاعر کون ہیں؟

(x) نواب مرزا شوقؔ کہاں کے رہنے والے تھے؟

SECTION–B

(حصہ-ب)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی پانچ (5) سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کا جواب (دوسو) (200) الفاظ سے زیادہ نہ ہو۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے:

(الف)

لا ناز رِگل جو ہے ارم سے

یوں صفحے پہ نقش ہے قلم سے

وہ ریَہِ رواں کا گرد لشکر

یعنی تاج الملوک ابتر

حیران ہوا کہ یاالٰہی

لشکر پہ یہ کیا پڑی تباہی

اٹھا کہ خبر تو لیجئے چل کر

گزرا درِ باغ بیسوا پر

(ب)

کیا پنڈتوں نے جو اپنا بچار

تو کچھ انگلیوں پر کیا پھر شمار

جنم پتر شاہ کا دیکھ کر

تلا اور بر چھیک پر کر نظر

کہا رام جی کی تجھ پر دیا

چندر ماں سا بالک تیرے ہوئیگا

نکلتے ہیں اب تو خوشی کے بچن

نہ ہو گر خوشی تو نہیں برہمن

3 ''اقبالؔ نے اردو نظم میں فکر و فلسفے کو خوبصورتی سے سما دیا ہے'' اس قول کی روشنی میں اقبالؔ کی نظم نگاری کی خصوصیات لکھئے۔

4 آپ کے نصاب میں شامل نظم ''ہولی نامہ'' کا خلاصہ لکھئے۔

5 اختر شیرانی کی نظم نگاری کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ تحریر کیجئے۔

6 اقبالؔ کی نظم ''مسجد قرطبہ'' کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجئے۔

7 مثنوی ''سحر البیان'' کی خصوصیات بیان کیجئے۔

8 ''صبح آزادی'' کس کی نظم ہے؟ اس نظم پر تفصیل سے اپنے تاثرات کا اظہار کیجئے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف 2 کے جواب زیادہ سے زیادہ پانچ سو (500) الفاظ میں تحریر کیجیے۔

9 اکبرالہ آبادی کی طنزیہ اور مزاحیہ شاعری پر تفصیل سے گفتگو کیجیے۔

10 نظم کسے کہتے ہیں؟ نظم کی تعریف بیان کرتے ہوئے اردو میں نظم نگاری کا ارتقاء بیان کیجیے۔

11 ''شکستِ زنداں کا خواب'' کی روشنی میں جوشؔ کی انقلابی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔

12 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کن ہی دو کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے:

(الف)

روحِ شاعر آج پھر ہے وجد میں آئی ہوئی

آم کے باغوں پہ ہے کالی گھٹا چھائی ہوئی

مست بھنورا گونجتا پھرتا ہے کوہ و دشت میں

روح پھرتی ہے کسی وحشی کی گھبرائی ہوئی

غنچہ غنچہ اپنے فطری رنگ میں ڈوبا ہوا

پتّی پتّی اپنے اصلی رنگ پہ آئی ہوئی

خارِ صحرا فیض ابر و باد سے نکھرے ہوئے

خالی گلشن موج رنگ و بو سے اترائی ہوئی

(ب)

یاں آدمی پہ جان کو وارے ہے آدمی ‏ ‏ اور آدمی ہی تیغ سے مارے ہے آدمی

پگڑی بھی آدمی کی اتارے ہے آدمی ‏ ‏ چلّا کے آدمی کو پکارے ہے آدمی

اور سن کے دوڑتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

(ج)

راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا

ان گنت صدیوں کے تاریک بہیمانہ طلسم

ریشم واطلس وکمخواب میں بنوائے ہوئے

جابجا بکتے ہوئے کوچہ و بازار میں جسم

خاک میں لتھڑے ہوئے خون میں نہلائے ہوئے

جسم نکلے ہوئے امراض کے تنوروں سے

پیپ بہتی ہوئی گلتے ہوئے ناسوروں سے

لوٹ جاتی ہے ادھر کو بھی نظر کیا کیجئے